**خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی**

**دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی**

No.F.18/DDMA/COVID/2020/192 Dated:23.05.2020

## حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار کے حکم ناموں کی تعمیل میں، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے پہلے ہی پھنسے ہوئے افراد کی نقل و حرکت کے بارے میں حکم نامہ نمبر 122 مؤرخہ 01.05.2020، حکم نامہ نمبر 129 مؤرخہ 03.05.2020، حکم نامہ نمبر 132 مؤرخہ 04.05.2020، حکم نامہ نمبر 165 مؤرخہ 15.05.2020 اور حکم نامہ نمبر 170 مؤرخہ 17.05.2020 جاری کر دیے ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار نے اپنے مراسلے DO No. 40-10/2020-DM-I (A) مؤرخہ 18.05.2020 (**نقل منسلک**) میں، مہاجر مزدوروں کی مشکلوں کو آسان کرنے کے لیے، بعض تدابیر پر عمل کرنے کو کہا ہے؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار نے حکم نامہ نمبر 40-3/2020-DM-I (A) مؤرخہ 19.05.2020 (**نقل منسلک**) میں، وزارت داخلہ کے حکم نامہ مؤرخہ 01.05.2020 کی تنسیخ کرتے ہوئے، سختی سے عمل درآمد کے لیے، ٹرینوں کے ذریعے پھنسے ہوئے مزدوروں کی نقل و حرکت پر ترمیم شدہ معیاری طریق عمل (SOP) جاری کیا ہے؛

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعۂ ہٰذا اسٹیٹ نوڈل آفیسر، دہلی پولیس کے اسٹیٹ نوڈل آفیسر، ریاست/مرکزی علاقہ سے مخصوص نوڈل آفیسرز، تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور ان کے ہم منصب دہلی پولیس کے ڈپٹی کمشنرز نیز ڈسٹرکٹ نوڈل آفیسر یعنی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور ان کے ہم منصب دہلی پولیس کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کو وزارت داخلہ کے ذریعے مذکورہ بالا ڈی او مؤرخہ 18.05.2020 کی رو سے جاری کردہ تدابیر کی سختی سے، لفظاً و معناً، تعمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دیتا ہے۔ مزید یہ کہ، مہاجر مزدوروں کے لیے مزید اسپیشل ٹرینوں کی ضرورت کا اندازہ لگایا جائے اور اسے وزارت ریلوے کو ٹرینیں چلانے کی درخواست کے ساتھ بھیجا جائے اور یہ بھی یقینی بنایا جائے کہ کسی مہاجر مزدور کو اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے سڑکوں پر یا ریل کی پٹریوں پر پیدل نہ چلنا پڑے۔

تمام متعلقہ اتھارٹیز پھنسے ہوئے مزدوروں کی ٹرینوں سے نقل و حرکت پر وزارت ریلوے کے ذریعے مذکورہ بالا حکم نامہ مؤرخہ 19.05.2020 کی روسے جاری کردہ معیاری طریق عمل(SOP) کی سختی کے ساتھ تعمیل کو یقینی بنائیں گی۔

منسلکات: مذکورہ بالا کے مطابق

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:

1. شری پی کے گپتا، پرنسپل سیکرٹری (سماجی بہبود)/اسٹیٹ نوڈل آفیسر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی۔
2. شری ستیش چندر، اسپیشل کمشنر آف پولیس، دہلی/نوڈل آفیسر دہلی پولیس۔
3. سیکرٹری نیز کمشنر (ٹرانسپورٹ)۔
4. مینیجنگ ڈائرکٹر، ڈی ٹی سی۔
5. ریاست/مرکزی علاقے سے مخصوص تمام نوڈل آفیسرز۔
6. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ۔
7. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر آف پولیس۔
8. دہلی کے تمام ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ۔
9. دہلی پولیس کے تمام ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر آف پولیس۔

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر ٹرانسپورٹ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی

10. کمشنر آف پولیس، دہلی
11. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، دہلی
12. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو حکومت دہلی کی ویب سائٹ پر ڈالنے کے لیے۔
13. گارڈ فائل

اجے بھلہ، آئی اے ایس

داخلہ سیکرٹری
بھارت سرکار
نارتھ بلاک
نئی دہلی

D.O.No. 40-10/2020-DM-I(A)

18th May, 2020

ڈیر چیف ایڈمنسٹریٹر،

میں اپنے اسی نمبر کے ڈی او لیٹر مؤرخہ 15 / مئی، 2020 کے تسلسل میں تحریر کر رہا ہوں۔

2۔ جیسا کہ آپ واقف ہی ہوں گے، پھنسے ہوئے مزدوروں کی اپنے گھروں کی جانب نقل و حرکت کے پیچھے خاص اسباب کووڈ-19 میں مبتلا ہونے کا خوف اور ذریعۂ معاش سے محروم ہو جانے کا خدشہ ہے۔ میں شکر گزار رہوں گا اگر مہاجر مزدوروں کی پریشانی کو کم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات پر عمل درآمد کیا جائے:

i. ریاستوں اور وزارت ریلوے کے مابین پیش قدمی کے ساتھ رابطہ کاری کرتے ہوئے مزید اسپیشل ٹرینیں چلائی جائیں؛

ii. ان راستوں پر جن کے بارے میں یہ معلوم ہے کہ ان پر مہاجر مزدور پہلے ہی پیدل سفر کر رہے ہیں، راستے میں پڑنے والی ریاستوں کے ذریعے، حفظان صحت، خوراک اور صحت کی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے، آرام گاہوں کا انتظام کیا جاسکتا ہے۔

iii. ضلع کے حکام گاڑیوں کا انتظام کرکے پیدل جارہے مزدوروں کی نامزد کردہ آرام گاہوں، قریبی بس ٹرمنلوں یا ریلوے اسٹیشنوں کی طرف رہنمائی کرسکتے ہیں؛

iv. مہاجر مزدوروں کے پتے اور رابطے کے نمبروں کے ساتھ ان کی فہرست بندی جو بعد ازاں ان کی تلاش کرکے رابطہ کرنے میں مددگار ثابت ہو سکے؛

v. آرام گاہوں وغیرہ پر غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں کو شریک کرنا؛

vi. ضلع کے حکام / غیر سرکاری تنظیموں کے کارکنوں کے ذریعے لمبے عرصے کے قرنطینہ کے تصور میں راحت؛

vii. مہاجر مزدوروں کو لے جانے کے لیے بسوں کی تعداد میں اضافہ؛

viii. بین الریاستی سرحدوں پر مہاجر مزدوروں کو لے جانے والی بسوں کے داخلے کی اجازت؛

ix. خوراک، صحت کی دیکھ بھال کا مناسب انتظام اور مزدور جہاں ہیں انھیں وہیں رہنے پر آمادہ کرنے کے لیے مشورت؛

x. ٹرینوں / بسوں کی روانگی کے بارے میں مزید وضاحت، کیوں کہ وضاحت کے فقدان اور افواہوں کی وجہ سے مزدوروں میں بے چینی پھیل گئی تھی؛

xi. مہاجر مزدوروں میں خواتین، بچوں اور معمر افراد کی مخصوص ضروریات پر خصوصی توجہ دی جائے؛

3۔ ضلع کے حکام کو ہدایت دی جائے کہ وہ وزارت ریلوے سے حسب ضرورت ٹرینیں چلانے کی درخواست کریں اور یہ امر یقینی بنائیں کہ کوئی مہاجر مزدور سڑکوں پر یا ریل کی پٹریوں پر پیدل چلنے کے لیے مجبور نہ ہو۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہو گا، وزارت داخلہ کے ایریا آفیسر پہلے ہی پھنسے ہوئے مزدوروں کی نقل و حرکت میں نوڈل آفیسرز اور ریلوے نوڈل آفیسرز کی مدد کر رہے ہیں۔ ہمیں اس عمل میں مزید سہولت دے کر خوشی ہو گی۔

4۔ میں پھنسے ہوئے افراد کی نقل و حرکت سے متعلق وزارت داخلہ کے حکم نامہ نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 29 / اپریل، 2020 کی جانب آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہوں گا۔ مذکورہ حکم نامہ میں، دیگر امور کے علاوہ یہ ہدایت دی گئی تھی کہ راستے میں پڑنے والی ریاستیں / مرکزی علاقے ایسے افراد کو اپنی ریاست / مرکزی علاقے میں جانے کے لیے گزرنے کی اجازت دیں گی۔ ضلع کے حکام اس امر کو یقینی بنائیں گے پھنسے ہوئے افراد کو لے جانے والی بسوں کی نقل و حرکت میں رکاوٹ پیش نہ آئے۔

5۔ میں صورت حال کی پیش بندی کے ساتھ نگرانی کرنے اور اس کے حل میں آپ کے تعاون کے لیے شکر گزار رہوں گا۔

نیک خواہشات کے ساتھ،

مخلص،

(اجے بھلہ)

تمام مرکزی علاقوں کے ایڈمنسٹریٹر
(منسلکہ معیاری فہرست کے مطابق)

**40-3/2020-DM-I(A)**

**بھارت سرکار**

**وزارت داخلہ**

نارتھ بلاک، نئی دہلی-110001

تاریخ:19/مئی،2020

حکم نامہ

وزارت داخلہ کے حکم نامہ نمبر40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 17/مئی، 2020 کے تسلسل میں اور ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ 2005 کی دفعہ 10(2)(I) کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرپرسن کی حیثیت سے، اسی نمبر کے حامل وزارت داخلہ کے حکم نامے مؤرخہ 1/مئی، 2020 کی تنسیخ کرتے ہوئے، بھارت سرکار کی وزارتوں/محکمہ جات، ریاستی/مرکزی علاقوں کی حکومتوں اور ریاستی/مرکزی علاقوں کی اتھارٹیز کو، سختی سے تعمیل کے لیے، پھنسے ہوئے مزدوروں کی ٹرینوں کے ذریعے نقل و حرکت پر بذریعہ ہذا منسلکہ معیاری طریق عمل(SOP) جاری کرتا ہے۔

داخلہ سیکرٹری

بخدمت:(منسلکہ فہرست کے مطابق)

1. بھارت سرکار کی وزارتوں/محکمہ جات کے سیکرٹری
2. ریاستوں/مرکزی علاقوں کے چیف سیکرٹری/ایڈمنسٹریٹر

**نقل بخدمت:**

i. نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے تمام اراکین
ii. ممبر سیکرٹری، نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

**Annexure**

## پھنسے ہوئے مزدوروں کی ٹرین کے ذریعے نقل وحرکت کے لیے معیاری طریق عمل (SOP)

لاک ڈاؤن کی وجہ سے مہاجر مزدور مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے ہیں۔ انھیں حسب ذیل کے مطابق ٹرینوں کے ذریعے سفر کی اجازت دی جائے گی:

i. وزارت ریلوے، وزارت داخلہ کے مشورے سے، شرمک اسپیشل ٹرینوں کی اجازت دے گا۔

ii. تمام ریاستیں / مرکزی علاقے نوڈل اتھارٹیز نامزد کریں گے اور ایسے پھنسے ہوئے افراد کو بلانے اور بھیجنے کے لیے انتظامات کریں گے۔

iii. ریاستوں / مرکزی علاقوں کی ضروریات کی بنیاد پر وزارت ریلوے گاڑی رکنے کے اسٹیشنوں اور آخری اسٹیشن سمیت ٹرین کے شیڈیول کو آخری شکل دے گی اور انھیں ریاستوں / مرکزی علاقوں کو بھیجے گی تاکہ وہ ایسے پھنسے ہوئے مزدوروں کو بھیجنے اور بلانے کے مناسب انتظامات کر سکیں۔

iv. ٹرینوں کے شیڈیول؛ مسافروں کے داخلے اور نقل وحرکت کے پروٹوکول؛ ٹرینوں کے ڈبوں میں فراہم کی جانے والی خدمات؛ اور ریاستوں / مرکزی علاقوں کے ساتھ کیے گئے ٹکٹوں کی بکنگ کے انتظامات کو وزارت ریلوے مشتہر کرے گی۔

v. بھیجنے والی ریاستیں / مرکزی علاقے اور وزارت ریلوے اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ تمام مسافروں کی لازمی طور پر اسکریننگ کی جائے، اور صرف انھیں مسافروں کو ٹرین میں سوار ہونے کی اجازت دی جائے جن میں علامات نہ پائی جائیں۔

vi. ٹرین میں سوار ہوتے وقت اور سفر کے دوران، تمام مسافروں کو سماجی فاصلہ برقرار رکھنا پڑے گا۔

vii. اپنی منزل پر پہنچنے پر، مسافروں کو وہاں کی ریاست / مرکزی علاقے کے صراحت کردہ صحت کے پروٹوکول کی پابندی کرنی ہوگی۔